وضو کے بعد آسمان کی طرف دیکھ کر شہادت کی انگلی سے اشارہ کر کے کلمہ پڑھنا

مجیب: ابوالحسن ذاکر حسین عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1192

تاریخ اجراء: 25ربیع الاول1444ھ /22اکتوبر2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

وضو کے بعد آسمان کی طرف دیکھ کر شہادت کی انگلی اٹھا کر کلمہ طیبہ پڑھنا ضروری ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

وضو کے بعد کھڑے ہو کر قبلہ کی طرف رخ کر کے شہادتین (اشھدان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھدان محمدا عبدہ ورسولہ) پڑھنا مستحب ہے، ضروری نہیں۔ اسی طرح شہادتین پڑھتے وقت آسمان کی طرف نظر کر کے انگلی کے ساتھ اشارہ کرنا بھی جائز ہے، شرعاً اس میں کوئی حرج نہیں، بعض فقہاء نے اس کی صراحت بھی کی ہے۔

چنانچہ نورالایضاح مع مراقی الفلاح میں وضو کے مستحبات کے بیان میں ہے: "والاتیان بالشھادتین بعدہ قائماً مستقبلاً لقولہ صلی اللہ علیہ وسلم، مامنکم من احد یتوضا فیسبغ الوضوء ثم یقول: اشھدان لا الہ الا اللہ وان محمداعبدہ ورسولہ، وفی روایۃ: اشھدان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھدان محمداعبدہ ورسولہ، الا فتحت لہ ابواب الجنۃ الثمانیۃ یدخلھا، من ای باب شاء" اور وضو کے بعد قبلہ کی طرف کھڑے ہو کر شہادتین پڑھنا (مستحب ہے) حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے فرمان کی وجہ سے، تم میں سے جو کوئی وضو کرے اور کامل وضو کرے، پھر پڑھے: "اشھدان لا الہ الا اللہ وان محمدا عبدہ ورسولہ" اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: "اشھدان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھدان محمداعبدہ ورسولہ" اس کے لیے جنت کے آٹھوں دراوازے کھول دیے جاتے ہیں، جس دروازے سے چاہیے داخل ہو جائے۔

"والاتیان بالشہادتین بعدہ" کے تحت حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح میں ہے:"ذکر الغزنوی انہ یشیر بسبابتہ حین ینظر السماء" غزنوی نے ذکر کیا کہ جب آسمان کی طرف دیکھے تو اپنی شہادت والی انگلی سے اشارہ کرے۔(حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی الفلاح شرح نورالایضاح، ص77، مطبوعہ: کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دارالافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net